

ANITA MAHSUD (MPA)
Member Provincial Assembly
Khyber Pakhtunkhwa

20th
No. 169
Date 3/12/2021
Department Establishment

تحریکِ استحقاق

جنابِ سپیکر! آنے والے بلدیاتی الیکشن کے سلسلے میں گزشتہ ہفتے میں اپنے حلقے ساوتھ وزیرستان میں تھی۔ وہاں مختلف تنظیموں، علاقے کے مشران، ملک، اور پارٹی کے عہدیداروں سے صلح مشورے میں مصروف تھی۔ علاقے کے ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں DC ساؤتھ وزیرستان سے لائن ڈپارٹمنٹ کی میٹنگ شیڈیول کرانے کی درخواست کی۔ 23 نومبر 2021 کو میٹنگ کا شیڈیول طے ہوا۔

جنابِ سپیکر! جب مقررہ دن اور وقت پر میں ٹانک پہنچی، تو DC صاحب کو کال کی اُنہوں نے کہا کہ میں آفس میں موجود نہیں ہوں۔ اس وقت وانا ساؤتھ وزیرستان میں ہوں۔ لہٰذا آپ سے نہیں مل سکتا۔

جنابِ سپیکر! میرے ساتھ پارٹی کے ورکرز موجود تھے۔ مجھے تقریباً 1 گھنٹہ اُن کے آفس کے باہر انتظار کرنا پڑا۔ اُس کے بعد ورکرز سے معلوم ہوا کہ DC صاحب آفس میں موجود ہیں اور وہ مجھ سے ملنا نہیں چاہتے۔ پارٹی ورکرز بہت اشتعال میں تھے اور لاء اینڈ آرڈر خراب ہونے کا خطرہ تھا۔ لیکن میں نے ورکرز کو کنٹرول کیا اور لاء اینڈ آرڈر کو خراب ہونے نہیں دیا اور سیدھی DC کے آفس میں اندر گئی تو DC صاحب اندر آفس میں موجود تھے۔

جنابِ سپیکر! میں پشاور سے 300 کلومیٹر سفر طے کرکے اپنی ایک چھوٹی بیٹی کے ساتھ ٹانک پہنچی تھی تاکہ مقررہ دن اور وقت پر طے شدہ میٹنگ میں شرکت کر سکوں۔ تاکہ علاقے کے مسائل اور بلدیاتی الیکشن کے سلسلے میں DC ساؤتھ وزیرستان سے تفصیلی بات چیت کر سکوں۔ لیکن DC صاحب کی ملاقات سے انکار اور لائن ڈپارٹمنٹ کے ساتھ مقررہ میٹنگ شیڈیول نہ کرنے پر بہت مایوسی ہوئی۔ اپنے پارٹی کے ورکرز اور اپنے علاقے کے مشران کے سامنے بہت شرمندگی ہوئی۔ اسی طرح میرا استحقاق مجروح ہوا ہے اور جناب سپیکر! آپ سے درخواست کرتی ہوں کہ DC صاحب کے اس رویے پر سب سے پہلے معطل کیا جائے اور ان کے خلاف انکوائری شروع کی جائے اور اس مسئلے کو متعلقہ استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

انیتہ محسود (ایم پی اے)
خیبر پختونخواہ

PRIVILEGE MOTION
Session No. 20th
Notice No. 169
Received Time: 4:10
Received Date 2/12/2021
From Mr. / Ms. انیتہ محسود, MPA
Receiver Sign: [signature]

[signature] 2/12/2021
ANITA MAHSUD
Member Provincial Assembly
Khyber Pakhtunkhwa